Unilever

سالانہ اجلاس عام کی اطلاع

یونی لیور پاکستان فوڈز لمیٹڈ

آواری پلازہ، فاطمہ جناح روڈ، کراچی-75530

سالانہ اجلاس عام کی اطلاع

نوٹس ہذا کے ذریعے مطلع کیا جاتا ہے کہ یونی لیور پاکستان فوڈز لمیٹڈ کا 19 واں سالانہ اجلاس عام جمعرات، 13 اپریل، 2017ء کو 03:00 بجے دن ہوٹل مووانپک، کلب روڈ، کراچی میں منعقد ہوگا، جس میں مندرجہ ذیل امور انجام دیئے جائیں گے۔

ا ۔ عمومی کارروائی

1. 31 دسمبر 2016ء کو ختم ہونے والے سال کے لئے کمپنی کے مالیاتی اسٹیٹمنٹس بمع ان سے متعلق آڈیٹرز اور ڈائریکٹرز کی رپورٹوں کی وصولی، غور و خوض اور منظوری۔

2. کمپنی کے آرڈنری شیئرز پر منافع منقسمہ (2016) کی منظوری۔

ڈائریکٹرز نے آرڈنری شیئرز پر 2780% (یا 278.00 روپے) فی شیئر نقد حتمی منافع منقسمہ کی سفارش کی ہے۔

عبوری منافع منقسمہ 2016ء، 909.7% (یا 90.97 روپے) فی شیئر جو پہلے ہی ادا کیا جا چکا ہے، کے ساتھ 2016ء کے لئے منافع منقسمہ کی مجموعی رقم 3689.7% (یا 368.97 روپے) فی آرڈنری شیئر ہو جائے گی۔

3. آئندہ سال کے لئے آڈیٹرز کا تقرر اور ان کے مشاہرے کا تعین کرنا۔

میسرز کے پی ایم جی تاثیر ہادی اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس ریٹائر ہو رہے ہیں اور خود کو دوبارہ تقرری کے لئے پیش کیا ہے۔

4. کمپنی کے ڈائریکٹرز کا تین سالہ مدت کے لئے انتخاب۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 08 مارچ 2017ء کو اپنے اجلاس میں ڈائریکٹروں کی تعداد دس (10) مقرر کی ہے۔ حسب ذیل نو (9) ڈائریکٹروں کے عہدے کی مدت 19 اپریل 2017ء کو ختم ہو رہی ہے۔

1. جناب کامران وائی مرزا
2. محترمہ شازیہ سید
3. جناب سہیل حنیف بیگ
4. جناب ذوالفقار منوں
5. میاں ایم عادل منوں
6. جناب کمال منوں
7. جناب بدرالدین ایف ویلانی
8. محترمہ فرحین سلمان عامر
9. جناب نعمان امجد لطفی

ب ۔ خصوصی کارروائی

5. غور کرنا اور ریگولیٹری اتھارٹی کی منظوری سے مشروط، لازمی ای ووٹنگ تقاضوں کی تعمیل کے مقصد کی خاطر آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں ترامیم، جیسا کہ کمپنیز (ای ووٹنگ) ریگولیشنز، 2016 جاری کردہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان، بحوالہ ایس آر او 2016 (I) 43 مورخہ 22 جنوری 2016 میں کہا گیا ہے، اور ممبرز کو آڈٹ شدہ سالانہ مالیاتی اسٹیٹمنٹس کی فراہمی، آڈیٹرز رپورٹ اور ڈائریکٹرز رپورٹ وغیرہ، ("سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس") اور اجلاس عام کے نوٹس، جیسا کہ ایس آر او 2014 (I) 787 مورخہ 8 ستمبر 2014 اور ایس آر او 2016 470 (I) مورخہ 31 مئی 2016 کے تحت اجازت دی گئی ہے اور کمپنیز آرڈیننس 1984 کے مطابق تبدیلی شامل کرنا اور اگر مناسب سمجھا گیا تو درج ذیل قرارداد کو خصوصی قرارداد کی حیثیت سے منظور کرنا:

خصوصی قرارداد کی حیثیت سے اور اس کے ذریعے طے کیا جاتا ہے کہ کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں درج ذیل ترامیم کی جائیں:

(a) آرٹیکل 39 کے فوری بعد، آرٹیکل 39A کی حیثیت سے مندرجہ ذیل آرٹیکل کو شامل کرنا:

39A اس ضمن میں سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی طرف سے وقتاً فوقتاً بنائے جانے والے کسی بھی قاعدے یا ریگولیشن سے مشروط، اگر کمپنی کو قابل اطلاق قوانین کے مطابق پول کے لیے مطلوبہ درخواست موصول ہوتی ہے تو ممبرز عام اجلاس میں الیکٹرانک طریقوں سے ووٹنگ کا حق استعمال کر سکتے ہیں۔ کمپنی، سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی طرف سے مقرر کردہ تقاضوں کے مطابق اور اس انداز میں الیکٹرانک طریقوں سے ووٹنگ کی سہولت فراہم کرے گی۔

(b) آرٹیکل 44 کو درج ذیل کے مطابق تبدیل کرنا:

44. پراکسی کے تقرر کا انسٹرومینٹ بمع دوسری اتھارٹی (اگر کوئی ہو) جس کے تحت اس پر دستخط کیے گئے ہیں یا اس کی نوٹریائی تصدیق شدہ کاپی اجلاس یا ملتوی شدہ اجلاس، جس میں اس نامزد شخص نے ووٹ ڈالنا ہے، اجلاس کے مقررہ وقت سے کم از کم اڑتالیس (48) گھنٹے قبل کمپنی کے دفتر میں جمع کرانا ہوگی، اور پراکسی کا جو انسٹرومینٹ مذکورہ بالا شرط کو پورا نہیں کرے گا اسے کارآمد نہیں سمجھا جائے گا۔

(c) آرٹیکل 44 کے فوری بعد آرٹیکل 44A کے نام سے درج ذیل نئے آرٹیکل کو شامل کرنا:

44A. ای ووٹنگ کے لیے پراکسی مقرر کرنے کا انسٹرومینٹ اجلاس عام کے انعقاد سے کم از کم دس (10) روز قبل کوریئر سروس کے ذریعے یا ذاتی طور پر کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں یا اجلاس عام کے نوٹس میں درج ای میل ایڈریس پر یا کمپنیز (ای ووٹنگ) ریگولیشنز 2016 میں اس ووٹنگ کے لئے شیڈول II کے مخصوص فارم میں دیے گئے طریقے کار یا اس میں وقتاً فوقتاً کی گئی تبدیلیوں یا کسی ایسے دوسرے فارم میں جس کی ڈائریکٹرز کی طرف سے منظوری دی گئی ہو جمع کرانا ہوگا۔

(d). آرٹیکل 89 کے فوری بعد آرٹیکل 89A کی حیثیت سے نیا آرٹیکل شامل کرنا:

89A. باوجود اس کے کہ ان آرٹیکلز میں کچھ بھی شامل ہو، آڈٹ شدہ (سالانہ مالیاتی اسٹیٹمنٹس، آڈیٹرز کی رپورٹ اور ڈائریکٹرز کی رپورٹ وغیرہ سالانہ آڈیٹڈ اکاؤنٹس) کسی بھی قانون، رولز، ریگولیشنز، سرکلرز اور کسی بھی ایسے قانون، رولز، ریگولیشنز، نوٹیفکیشنز، سرکلرز کی دفعات کی پابندی کرتے ہوئے وقتاً فوقتاً ممبرز کو بھیجنے ہوں تو، ممبرز کو ہارڈ کاپی کی شکل میں سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی اسٹیٹمنٹس اور اجلاس عام کے نوٹسز بھیجنے کی بجائے ای میل / الیکٹرانک اور ڈیجیٹل طریقوں کے ذریعے یا سی ڈی / ڈی وی ڈی / یو ایس بی یا کسی بھی دوسرے قابل عمل طریقے سے، یا کسی بھی ایسے طریقے سے جو تجویز کیا جائے کا ممبرز کے رجسٹرڈ یا نوٹیفائیڈ ایڈریس پر فراہم / ترسیل کیے جا سکتے ہیں۔

مزید طے کیا جاتا ہے کہ ایگزیکٹو ڈائریکٹرز اور / یا کمپنی سیکریٹری اجتماعی اور انفرادی طور پر ایسے تمام کام اور ایسے تمام اقدامات کرنے کے لیے بااختیار ہیں جو کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں ترمیم کے لیے ضروری ہوں۔

6. ممبرز کو الیکٹرانک اور ڈیجیٹل طریقوں کے ذریعے سی ڈی / ڈی وی ڈی / یو ایس بی یا کسی دوسرے تجویز کردہ قابل عمل طریقے سے ان کے رجسٹرڈ یا نوٹیفائیڈ ایڈریس پر سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی اسٹیٹمنٹس، ڈائریکٹرز کی رپورٹ، آڈیٹرز کی رپورٹ وغیرہ ("سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس") کی ترسیل پر غور اور منظوری۔ جیسا کہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے ایس آر او 2016 (I) 470 مورخہ 31 مئی 2016 کے تحت منظوری دی ہے اور مناسب سمجھا گیا تو آرڈنری قرارداد کی حیثیت سے درج ذیل قرارداد کی منظوری۔

طے کیا جاتا ہے کہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے ایس آر او 2016 (I) 470 مورخہ 31 مئی 2016 کے تحت اور اس کے مطابق ممبرز کو سالانہ آڈٹ شدہ اسٹیٹمنٹس، آڈیٹرز کی رپورٹ اور طریقے ڈائریکٹرز کی رپورٹ وغیرہ ("سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس") ہارڈ کاپیوں کی بجائے ای میل / الیکٹرانک اور ڈیجیٹل طریقوں کے ذریعے یا سی ڈی / ڈی وی ڈی / یو ایس بی یا تجویز کردہ کسی دوسرے قابل عمل سے ان کے رجسٹرڈ یا نوٹیفائیڈ ایڈریس پر سافٹ شکل میں ترسیل کی منظوری دی جاتی ہے۔

سالانہ اجلاس عام کا نوٹس بمعہ ڈائریکٹروں کے انتخاب سے متعلق طریقہ کار اور اسٹیٹمنٹ جو کمپنیز آرڈیننس 1984 کے سیکشن 160(1)(B) کے تحت اجلاس میں خصوصی امور پر غور کے ضمن میں درکار ہوتے ہیں۔ ممبران کو سالانہ رپورٹ اور مالیاتی اسٹیٹمنٹ 2016 کے ساتھ بھیجے جا رہے ہیں۔

حسب الحکم بورڈ

عامر نصیر

کمپنی سیکریٹری

کراچی

21 مارچ 2017ء

نوٹ:

1. شیئرز ٹرانسفر بکس 07 اپریل، 2017ء سے 13 اپریل، 2017ء (دونوں دن شامل ہیں) بند رہیں گی، جب کوئی بھی شیئرز ٹرانسفر، رجسٹریشن کے لئے قابل قبول نہیں ہوگا۔ شیئرز ٹرانسفر کی وہ درخواستیں جو کہ ہر لحاظ سے مکمل ہوں اور کمپنی کے شیئرز رجسٹرار کے آفس، میسرز سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ شیئرز رجسٹرار ڈیپارٹمنٹ۔ CDC ہاؤس، B-99، بلاک "B"، ایس۔ ایم۔ سی۔ ایچ۔ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی-74400 کو 06 اپریل 2017ء کو کاروبار کے بند ہونے تک وصول ہو گئی ہوں، حتمی منافع منقسمہ کی ٹرانسفریز کو ادائیگی اور سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے مقصد کے لیے بروقت تصور کی جائیں گی۔

2. تمام ممبران / شیئر ہولڈرز اجلاس ہذا میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے اہل ہیں۔ کوئی بھی ممبر پراکسی کو مقرر کر سکتا ہے جس کے لئے کمپنی کا ممبر ہونا ضروری نہیں۔

3. تمام افراد (ممبر اور / یا پراکسی) اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل کارآمد کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ دکھا کر اپنی شناخت کی تصدیق کرائیں گے / کرائیں گی۔

4. پراکسی کے تقرر کی دستاویز اور دیگر اختیارلی جس کے تحت دستخط کیے گئے ہوں، یا اس کی نوٹریائی تصدیق شدہ کاپی، اجلاس کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل، کمپنی سیکریٹری کو رجسٹرڈ آفس (آواری پلازہ، فاطمہ جناح روڈ، کراچی) میں لازماً پہنچ جانی چاہیے۔

5. مزید براں CDC اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے طے کردہ مندرجہ ذیل ہدایات پر مزید عمل کرنا ہوگا۔

ا۔ اجلاس میں شرکت کے لئے:

i) افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر، یا سب۔اکاؤنٹ ہولڈر اور / یا ایسا شخص جس کی سیکیورٹیز، گروپ اکاؤنٹ میں ہوں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات بمطابق ریگولیشنز اپ لوڈ ہیں انھیں اجلاس میں شرکت کے لئے اپنا اصل کارآمد کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ دکھا کر اپنی شناخت کی تصدیق کرانی ہوگی۔

ii) کارپوریٹ entity کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / پاور آف اٹارنی مع نامزد کردہ کے دستخط کا نمونہ (اگر پہلے جمع نہیں کروائے) اجلاس کے وقت پیش کرانا ہوگا۔

ب۔ برائے تقرر پراکسیز:

i) افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر، یا سب۔اکاؤنٹ ہولڈر اور / یا ایسا شخص جس کی سیکیورٹیز، گروپ اکاؤنٹ میں ہوں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات بمطابق ریگولیشنز اپ لوڈ ہیں انھیں اسی کے مطابق پراکسی فارم پیش کرنا ہوگا۔

ii) پراکسی فارم کی گواہی دو اشخاص دیں گے، جن کے نام، پتے اور (CNIC) نمبرز فارم پر درج ہوں۔

iii) بینیفشل مالکان اور پراکسی کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول پراکسی فارم کے ساتھ پیش کرانی ہوں گی۔

iv) پراکسی، اجلاس کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ پیش کرے گا۔

v) کارپوریٹ entity کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد یا پاور آف اٹارنی اور قومی شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ کاپی مع نمونہ دستخط اس شخص کے جسے کارپوریٹ entity کی طرف سے اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے لئے نامزد کیا گیا ہو، پراکسی فارم کے ساتھ کمپنی کو پیش کرنا ہوگی۔

ج۔ ڈائریکٹرز کا انتخاب:

بورڈ آف ڈائریکٹرز نے اپنے اجلاس منعقدہ 08 مارچ 2017ء میں ڈائریکٹرز کی تعداد، جو سالانہ اجلاس میں منتخب کیے جائیں گے، دس (10) مقرر کی ہے۔ کوئی بھی شخص جو کمپنی کی ڈائریکٹرشپ کے لیے انتخاب لڑنے کا خواہشمند ہو حسب ذیل دستاویزات کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں پیش کرے گا:

i) کمپنیز آرڈیننس 1984ء کے سیکشن (3) 178 کے مطابق مذکورہ سالانہ اجلاس عام کی تاریخ سے 14 روز قبل اپنے آپ کو انتخاب کے لئے پیش کرنے کے ارادے کا نوٹس؛

ii) فارم 28 (بہ حیثیت ڈائریکٹر کام کرنے کی رضامندی) کمپنیز آرڈیننس 1984ء کے مقررہ طریقہ کار کے مطابق۔

iii) دفتر کے ایڈریس کے ساتھ تفصیلی پروفائل؛ اور

iv) لسٹڈ کمپنیوں کے ڈائریکٹر یا انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹر کے طور پر کام کرنے کے لیے کمپنیز آرڈیننس 1984 اور کوڈ آف کارپوریٹ گورننس 2012 کے تحت اہل ہونے کے تقاضوں کی پابندی کے بارے میں ڈیکلریشن۔

v) کارآمد سی این آئی سی اور این ٹی این کی تصدیق شدہ کاپی۔

ایس ای سی پی کے ایس آر او 2014(1)634 مورخہ 10 جولائی 2014 کے حوالے سے نامزد ڈائریکٹر کا پروفائل بمع آفس ایڈریس جو انتخاب کی تاریخ سے سات (7) روز قبل کمپنی کی ویب سائیٹ پر آویزاں کیا جائے گا۔

7. جن انفرادی ممبران نے ابھی تک اپنے کارآمد کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی کاپی کمپنی / شیئر رجسٹرار کے پاس جمع نہیں کرائی ہے انھیں ایک بار پھر یاد دہانی کرائی جاتی ہے کہ وہ جلد سے جلد اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی کاپی براہ راست کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو اس پتے پر بھیج دیں۔ میسرز سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ شیئر رجسٹرار ڈیپارٹمنٹ CDC ہاؤس، B-99، Block "B" سندھی مسلم کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی، مین شاہراہ فیصل، کراچی-74400۔ کارپوریٹ اداروں سے درخواست ہے کہ وہ اپنا نیشنل ٹیکس نمبر (NTN) کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو براہ راست جمع کرا دیں۔ براہ کرم اپنا فولیو نمبر (Folio No.) NTN/CNIC کی کاپی کے ساتھ ضرور لکھیں۔ جن شیئر ہولڈرز کے شیئرز، participants/بروکرز یا سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی کے پاس ہیں وہ اپنے participants/بروکر/CDC کو CNIC نمبر/NTN کی کاپی فراہم کریں، تاکہ ان کے کوائف الیکٹرانک سسٹم میں اپ ڈیٹ کیے جا سکیں۔ بحوالہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کے نوٹیفکیشنز SRO (1) 779 مورخہ 18 اگست، 2011ء اور 2012 (1) SRO 831، مورخہ 5 جولائی، 2012 جو اس امر کو ضروری قرار دیتے ہیں کہ ڈیویڈنڈ وارنٹس پر رجسٹرڈ ممبر یا مجاز فرد کا (ماسوائے نابالغ فرد اور کارپوریٹ ممبر) کا کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کا نمبر بھی لکھا ہو۔ کارآمد CNIC کی کاپی موصول نہ ہونے کی صورت میں کمپنی، SECP کے مذکورہ SROs کی تعمیل کے سبب، ایسے شیئر ہولڈرز کے ڈیویڈنڈ وارنٹس کی ترسیل نہیں کر سکے گی۔ مزید برآں سالانہ "Form A" میں سی این آئی سی کا اندراج بھی ایک لازمی شرط ہے، جسے کمپنیز آرڈیننس 1984 کے سیکشن 156 کے تحت SECP کو جمع کرانا ہوتا ہے۔

8. (i) حکومت پاکستان نے فنانس ایکٹ 2014 کے ذریعے انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن 150 میں بعض ترامیم کی ہیں جس کے ذریعے کمپنیوں کی طرف سے ادا کیے جانے والے منافع منقسمہ کی رقم پر ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی کے لیے مختلف شرحیں مقرر کی گئی ہیں۔ فنانس ایکٹ 2016 کے تحت ٹیکس کی یہ شرحیں مندرجہ ذیل ہیں:

(a)	انکم ٹیکس کے گوشوارے جمع کرانے والوں کے لیے	12.5%
(b)	انکم ٹیکس کے گوشوارے جمع نہ کرانے والوں کے لیے	20.0%

کمپنی کو اس قابل کرنے کے لیے کہ وہ کیش ڈیویڈنڈ کی مالیت پر 20.0% فیصد کے بجائے 12.5% فیصد کی شرح سے ٹیکس کی کٹوتی کرے، ایسے تمام شیئر ہولڈرز کو جن کے نام ایکٹیو ٹیکس پیئرز لسٹ (ATL) میں درج نہیں کیے گئے ہیں، اگر چہ وہ ٹیکس گوشوارے داخل کر چکے ہیں، ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اس امر کو یقینی بنائیں کہ ان کے نام ڈیویڈنڈ کے حق کے تعین کے لئے کھاتوں کی بندش کی تاریخوں کی شروعات 07 اپریل 2017 سے قبل ATL میں شامل ہو جائیں، بصورت دیگر 09 مئی 2017 کو ادا کیے جانے والے کیش ڈیویڈنڈ پر ٹیکس 12.5% کے بجائے 20.0% کی شرح سے منہا کیا جائے گا۔

(ii) متعلقہ معلومات کے لئے انویسٹر شیئر رجسٹرار منیجر شیئر رجسٹرار ڈیپارٹمنٹ، سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ، ٹیلیفون نمبر 0800-23275 (ٹول فری)، ای میل ایڈریس: info@cdcpak.com یا کمپنی مس وجیہہ خان، ٹیلیفون نمبر 35660062-21-92+ ای میل ایڈریس: wajiha.khan@unilever.com پر رابطہ کریں۔

(iii) کارپوریٹ شیئر ہولڈرز جن کے اکاؤنٹ CDC میں ہیں وہ اپنا نیشنل ٹیکس نمبر (NTN) متعلقہ Participant کے پاس اپ ڈیٹ کرائیں، جبکہ کارپوریٹ فزیکل شیئر ہولڈرز اپنے NTN سرٹیفکیٹس کی کاپی کمپنی یا اس کے شیئر رجسٹرار میسرز سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ شیئر رجسٹرار ڈیپارٹمنٹ، CDC ہاؤس، B-99، Block "B"، سندھی مسلم کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی، مین شاہراہ فیصل، کراچی-74400 کو جمع کروائیں۔ شیئر ہولڈرز NTN یا NTN سرٹیفکیٹس بھیجتے وقت کمپنی کا نام اور متعلقہ فولیو نمبر ضرور لکھیں۔

فیڈرل بورڈ آف ریونیو (FBR) کی وضاحت کے مطابق ڈیویڈنڈ پر withholding ٹیکس کا تعین پرنسپل شیئر ہولڈر کے Filer/Non-Filer اسٹیٹس اور جوائنٹ ہولڈر / جوائنٹ اکاؤنٹ کی صورت میں ان کے شیئر ہولڈنگ کے تناسب کے اعتبار سے کیا جائے گا۔ اس ضمن میں ایسے تمام شیئر ہولڈرز جن کی جوائنٹ شیئر ہولڈنگ ہے، سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے شیئرز کے ضمن میں پرنسپل شیئر ہولڈر اور joint holder(s) کے شیئر ہولڈنگ تناسب کے بارے میں شیئر رجسٹرار میسرز سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ، شیئر رجسٹرار ڈیپارٹمنٹ، CDC ہاؤس، B-99، Block "B"، سندھی مسلم کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی، مین شاہراہ فیصل، کراچی-74400 کو تحریری طور پر آگاہ کریں۔ (فارم کمپنی کی سالانہ رپورٹ 2016 کے ساتھ منسلک ہے اور کمپنی کی ویب سائیٹ پر بھی دستیاب ہے) بصورت دیگر Withholding ٹیکس کا اطلاق پرنسپل اور Joint Holders کے پاس مساوی شیئر ہولڈنگ کی بنیاد پر کیا جائے۔

9. سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کے سرکلر نمبر SM/CDC 2008 (4)8 مورخہ 05 اپریل 2013 کے مطابق شیئر ہولڈرز ڈیویڈنڈ وارنٹ وصول کرنے کے بجائے کیش ڈیویڈنڈ ڈائریکٹ اپنے بینک اکاؤنٹ میں وصول کر سکتے ہیں۔ وہ شیئر ہولڈرز جن کے پاس Physical Holding ہے اور وہ اس آپشن کو اختیار کرنا چاہتے ہیں تو انہیں چاہئے کہ وہ مجوزہ ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے پاس جمع کروائیں۔ وہ شیئر ہولڈرز جن کے شیئرز بروکرز یا سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی کے پاس ہیں اور وہ اس Option کو اختیار کرنا چاہتے ہیں تو وہ مجوزہ مینڈیٹ کا فارم اپنے بروکر / CDC کے پاس جمع کرائیں تاکہ ان کے کوائف کو الیکٹرانک سسٹم میں اپڈیٹ کیا جا سکے۔ اور اس فارم کی ایک کاپی کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو بھی جمع کرائیں۔ ڈیویڈنڈ مینڈیٹ کا فارم سالانہ رپورٹ میں منسلک ہے اور کمپنی کی ویب سائیٹ پر بھی موجود ہے۔

10. سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے سرکلر نمبر 10 آف 2014 مورخہ 21 مئی 2014 کے تحت اور ممبرز ویڈیو کانفرنس کی سہولت لاہور شہر میں بھی حاصل کر سکتے ہیں، بشرطیکہ درج ذیل شرائط کو پورا کیا جا سکے؛ ویڈیو کانفرنس کی سہولت صرف اس صورت میں فراہم کی جائے گی اگر کمپنی کو اجلاس عام کی تاریخ سے کم از کم دس (10) روز قبل لاہور میں رہنے والے ممبرز کی طرف سے جو مجموعی طور پر 10% شیئر ہولڈنگ بھی رکھتے ہیں، ویڈیو کانفرنس کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی درخواست موصول ہو۔

کمپنی، اجلاس عام کی تاریخ سے پانچ (5) روز قبل وہ مکمل تفصیلات جو انہیں اس سہولت کے لیے درکار ہوگی مہیا کرے گی، ممبرز کو ویڈیو کانفرنس کی سہولت کی جگہ کے بارے میں مطلع کرے گی۔

اس ضمن میں وہ ممبرز جو لاہور میں ویڈیو کانفرنس کے ذریعے اجلاس میں شریک ہونا چاہتے ہیں، اُس فارم کے مطابق جو کمپنی کی سالانہ رپورٹ کے ساتھ منسلک ہے اور کمپنی کی ویب سائیٹ پر بھی دستیاب ہے، اجلاس عام کی تاریخ سے کم از کم دس (10) روز قبل دستخط شدہ درخواست کمپنی کے رجسٹرڈ ایڈریس پر بھیجیں۔

11. سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے نوٹیفکیشن ایس آر او 787(I)/2014 مورخہ 8 ستمبر 2014 کے تحت لسٹڈ کمپنیوں کو اجازت دی ہے کہ وہ ممبرز کو ای میل کے ذریعے سالانہ بیلنس شیٹ اور نفع و نقصان کا اکاؤنٹ، آڈیٹرز کی رپورٹ اور ڈائریکٹرز رپورٹ وغیرہ ("سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس") اور اجلاس عام کے نوٹس کے ساتھ بھیج سکتے ہیں۔

چنانچہ تمام ممبرز کو اطلاع دی جاتی ہے کہ نوٹیفکیشن ایس آر او 787(I)/2014 مورخہ 8 ستمبر 2014 کے مطابق جو ارکان سالانہ اجلاس عام کے نوٹس کے ساتھ، آڈٹ شدہ مالیاتی اسٹیٹمنٹس (سالانہ رپورٹ) کی کاپیاں ای میل سے وصول کرنا چاہتے ہیں وہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو اسٹینڈرڈ درخواست فارم پر کر کے بھیجیں۔ اسٹینڈرڈ درخواست فارم کمپنی کی سالانہ رپورٹ اور کمپنی کی ویب سائیٹ پر دستیاب ہے۔ اگر کوئی ممبر مستقبل کے تمام آڈٹ شدہ فنانشل اسٹیٹمنٹس اور عام اجلاسوں کے نوٹسز کی ہارڈ کاپیاں وصول کرنے کو ترجیح دیتے ہیں تو ممبر اس ترجیح کو اسٹینڈرڈ ریکوئسٹ فارم میں درج کرے گا۔

تاہم کمپنی، ممبرز کو ان کے مطالبے پر سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس کی ہارڈ کاپیاں مفت فراہم کرے گی۔

12. 31 دسمبر 2016 کو ختم ہونے والے سال کے لیے کمپنی کی سالانہ رپورٹ کمپنی کی ویب سائیٹ پر دستیاب کر دی گئی ہے۔

13. ممبران اپنے پتے میں کسی بھی قسم کی تبدیلی سے متعلق کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ شیئر رجسٹرار ڈیپارٹمنٹ۔ CDC ہاؤس، B-99، بلاک "B" سندھی مسلم کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی، مین شاہراہ فیصل، کراچی-74400 کو فوراً مطلع کریں۔